## قِسْمُ النَّثْرِ

# ١- مِنَ الْقُرآنِ الْكَرِيْمِ

**ابتدائیہ :** قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری آسمانی کتاب ہے جو ہر دور میں انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں رہنمائی کرتی آ رہی ہے اور قیامت تک انسانیت کے تمام مسائل کا حل پیش کرتی رہے گی۔ یہاں قرآن کریم کی منتخب آیتوں کے ذریعے یہی پیغام دیا جا رہا ہے کہ انسان اپنے اندر بھلائی کا جذبہ پیدا کرے، غلط کاموں سے اپنے آپ کو بچائے، ہمیشہ انصاف سے کام لے اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آئے۔ ایمان والے کو چاہیے کہ قرآن کریم کی تلاوت اور اس پر عمل کو اپنا نصب العین بنالے، لغویات سے بچے، نمازوں کا اہتمام کرے اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں پر غور وفکر کرے۔ یہ اور اس طرح کی دیگر آیات کے ذریعے ہمیں نصیحت کی جا رہی ہے تاکہ ہماری زندگی قرآنی تعلیمات کے عین مطابق ہو جائے۔

١- وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (آل عمران :١٠٤)

٢- وَ إِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَ بِعَهْدِ اللهِ أَوْفُوْا (الأنعام :١٥٢)

٣- إِنَّ اللهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ (الرعد :١١)

٤- وَمَآ أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (الأنبياء :١٠٧)

٥- إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ (العنكبوت :٤٥)

٦- وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ ۚ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ (الروم :٢٢)

٧- وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ (يٰسٓ :٣٩)

٨- سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ أَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ (حٰمٓ السجدة :٥٣)

٩- وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسٰنًا (الأحقاف:١٥)

١٠- يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا أَطِيْعُوا اللهَ وَ أَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ لَا تُبْطِلُوْٓا أَعْمَالَكُمْ (محمد :٣٣)

١١- يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى أَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ (الحجرات :١١)

١٢- وَأَنْ لَّيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى (النجم :٣٩)

١٣- اِعْلَمُوْٓا أَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ (الحديد : ٢٠)

١٤- وَإِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ﴿٨﴾ بِأَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ﴿٩﴾ (التكوير : ٨ و ٩)

## اَلْكَلِمَاتُ وَ الْمَعَانِي - الفاظ ومعانی - Glossary

| | | |
|---|---|---|
| لِتَكُنْ | چاہیے کہ ہو (امر غائب واحد مؤنث) | Let it be (done) |
| أُمَّةٌ ج: أُمَمٌ | جماعت، قوم | People, nation |
| دَعَا يَدْعُوْ دَعْوَةً | بلانا، دعوت دینا | Invite |
| أَمَرَ يَأْمُرُ أَمْرًا | حکم دینا | Order, instruct |
| نَهٰى يَنْهٰى نَهْيًا | روکنا | Prohibit, forbid |
| مُفْلِحُوْنَ و : مُفْلِحٌ | کامیاب | Successful |
| عَدَلَ يَعْدِلُ عَدْلًا | انصاف کرنا | Be just, act justly |
| ذَا قُرْبٰى | رشتہ دار | Relative, kin |
| عَهْدٌ ج: عُهُوْدٌ | وعدہ | Promise |
| أَوْفٰى يُوْفِي إِيْفَاءً | (وعدہ) پورا کرنا | Fulfil |
| غَيَّرَ يُغَيِّرُ تَغْيِيْرًا | بدلنا | Change |
| أَنْفُسٌ و : نَفْسٌ | جان، ذات | Self, person |
| أَرْسَلَ يُرْسِلُ إِرْسَالًا | بھیجنا | Send |
| عَالَمِيْنَ و : عَالَمٌ | دنیا (جمع) مراد تمام کائنات | World (plu), Universe |
| اَلْفَحْشَاءُ | بے حیائی | Shamelessness, adultery |
| خَلَقَ يَخْلُقُ خَلْقًا | پیدا کرنا | Create |
| أَلْسِنَةٌ و : لِسَانٌ | زبان | Language, tongue |
| أَلْوَانٌ و : لَوْنٌ | رنگ | Colour |
| قَدَّرَ يُقَدِّرُ تَقْدِيْرًا | مقرر کرنا | Estimate, determine |
| عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا | لوٹنا، ہو جانا | Return, to be |
| عُرْجُوْنٌ | کھجور کی ٹہنی | Date stalk (stem) |
| أَرٰى يُرِي إِرَاءَةً | دکھانا | Show |
| تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ تَبَيُّنًا | واضح ہونا | Become clear |
| وَصّٰى يُوَصِّي تَوْصِيَةً | وصیت کرنا، نصیحت کرنا | Instruct, recommend |

| | | |
|---|---|---|
| أَحْسَنَ يُحْسِنُ إِحْسَانًا | اچھا سلوک کرنا | Treat well |
| أَطَاعَ يُطِيعُ إِطَاعَةً | اطاعت کرنا، فرماں برداری کرنا | Obey, follow |
| أَبْطَلَ يُبْطِلُ إِبْطَالًا | ضائع کرنا، کالعدم قرار دینا | Cancel, revoke |
| سَخِرَ يَسْخَرُ سُخْرِيَّةً | مذاق اُڑانا | Scoff, mock, laugh at |
| عَسٰى | شاید | Maybe, perhaps |
| سَعٰى يَسْعٰى سَعْيًا | کوشش کرنا | Seek, try |
| اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا | دنیاوی زندگی | Worldly life |
| لَعِبٌ ج: أَلْعَابٌ | کھیل کود | Fun, game |
| لَهْوٌ | تماشا | Amusement |
| تَفَاخُرٌ | باہم فخر کرنا | Boast, show off |
| اَلْمَوْؤُدَةُ | دفنائی ہوئی | Buried (Fem.) |
| سُئِلَ يُسْئَلُ سُؤَالًا (فعل مجہول) | پوچھا جانا | Be asked, be questioned |
| ذَنْبٌ ج: ذُنُوبٌ | گناہ | Sin |

## Exercise - مشق - اَلتَّمْرِيْنُ

١. إِمْلأِ الْفَرَاغَ فِيْمَا يَأْتِي. درج ذیل خالی جگہ پُر کیجیے۔ **Fill in the blanks.**

١. وَ لْتَكُنْ مِّنكُمْ أُمَّةٌ ............... إِلَى الْخَيْرِ

٢. وَ مَا ............... إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

٣. وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ ...............

٤. وَ ............... الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا

٥. يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا ............... قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ

٢. إِمْلأِ الْفَرَاغَ بِالْحَرْفِ الْجَارِّ الْمُنَاسِبِ مِنَ الْقَوْسَيْنِ. قوسین سے صحیح حرفِ جار منتخب کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔

**Fill in the blanks by choosing correct preposition from the bracket.**

(فَوْقَ ، مِنْ ، عَنْ ، بِ ، كَ ، فِي ، إِلَى)

١. وَ لْتَكُنْ مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ ............... الْخَيْرِ

٢. اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى ............... الْفَحْشَاءِ وَ الْمُنْكَرِ

٣. وَ ............... اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

٤. وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ ...............الْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ

٥. سَنُرِيْهِمْ اٰيَاتِنَا ............... الْاٰفَاقِ وَ فِيْ أَنْفُسِهِمْ

٣. صِلِ الْعَمُوْدَيْنِ. جوڑیاں لگائیے۔ **Match the following.**

| | اَلْعَمُوْدُ الْأَوَّلُ | اَلْعَمُوْدُ الثَّانِي |
|---|---|---|
| ١. | وَ مَا اَرْسَلْنٰكَ | بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا |
| ٢. | وَ وَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ | عَسٰى أَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ |
| ٣. | لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ | إِلَّا مَا سَعٰى |
| ٤. | وَ اَنْ لَّيْسَ لِلْإِنْسَانِ | اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ |

٤. أَكْمِلِ الشَّبَكَاتِ التَّالِيَةَ. درج ذیل خاکے مکمل کیجیے۔ **Complete the following webs.**

(الف)

.................. | .................. | ..................

اُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

(ب)

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ

.................. و ..................

(ج)

اِعْلَمُوْٓا أَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

..................

..................

..................

..................

٥. اُكْتُبِ الْجُمُوْعَ لِلْكَلِمَاتِ الْمُفْرَدَةِ. درج ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔

**Write plurals of the following singulars.**

لَعِبٌ ، قَوْمٌ ، مَنْزِلٌ ، مَاءٌ ، قَدِيْمٌ ، مُنْكَرٌ ، ذَنْبٌ ، آيَةٌ ، سَمَاءٌ

## اَلْحُرُوْفُ الْجَارَّةُ

**حروفِ جارّہ:** وہ حروف ہیں جو اپنے بعد والے اسم کو زیر دیتے ہیں۔ مثال: دَخَلْتُ فِي الْمَسْجِدِ۔

حروفِ جارّہ کی کل تعداد سترہ ہے جو یہ ہیں:

بِ ، تَ ، کَ ، لِ ، وَ ، مُنْذُ ، مُذْ ، خَلَا     رُبَّ ، حَاشَا ، مِنْ ، عَدَا ، فِيْ ، عَنْ ، عَلٰی ، حَتّٰی ، إِلٰی

حروفِ جارّہ کی چند مثالیں ذیل میں درج ہیں۔

۱. بِ – بِالْمَعْرُوْفِ     ۲. عَنْ – عَنِ الْمُنْكَرِ

۳. لِ – لِلْإِنْسَانِ     ۴. مِنْ – مِنَ الْمَاءِ

۵. إِلٰی – إِلَی اللّٰهِ     ۶. فِيْ – فِي الْآفَاقِ

بقیہ حروفِ جارہ کی مثالیں اپنے استاد سے معلوم کر کے بیاض میں لکھیے۔

## Preposition

The preposition (harf jarr) gives Kasrah (كَسْرَةٌ ـِـ) sign to its following noun.

Eg.; دَخَلْتُ فِي الْمَسْجِدِ.

There are seventeen prepositions in Arabic.

بِ ، تَ ، کَ ، لِ ، وَ ، مُنْذُ ، مُذْ ، خَلَا     رُبَّ ، حَاشَا ، مِنْ ، عَدَا ، فِيْ ، عَنْ ، عَلٰی ، حَتّٰی ، إِلٰی

Examples of prepositions are given below.

۱. بِ – بِالْمَعْرُوْفِ     ۲. عَنْ – عَنِ الْمُنْكَرِ     ۳. لِ – لِلْإِنْسَانِ

۴. مِنْ – مِنَ الْمَاءِ     ۵. إِلٰی – إِلَی اللّٰهِ     ۶. فِيْ – فِي الْآفَاقِ

Find more examples of Arabic prepositions with the help of your teacher and write them.

### Additional Information – اَلدِّرَاسَةُ الْإِضَافِيَّةُ – اضافی مطالعہ

تلاوت کی سہولت کے لیے قرآن کو تیس پاروں اور سات منزلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ قرآن کا نزول چھٹی صدی عیسوی کے ربع اوّل میں ہوا۔ اس وقت تک جس کاغذ کی ایجاد ہوچکی تھی وہ ایک خاص پودے کے ریشوں سے بنایا جاتا تھا۔ اس کو پپائرس (papyrus) کہتے ہیں۔ قرآن کے نازل شدہ حصوں کو اس وقت دستیاب اشیا (کھال، چھال، ہڈی، مٹی کی تختی وغیرہ) پر لکھ لیا جاتا تھا۔ اسی کے ساتھ لوگ قرآن کو حفظ کر لیتے تھے۔ قرآن نمازوں میں پڑھا جاتا تھا اور دعوتی کام کے تحت لوگوں کے سامنے پڑھ کر سنایا جاتا تھا۔ اس طرح قرآن بیک وقت لکھا بھی جاتا رہا اور اس کو یاد بھی کیا جاتا رہا۔ رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ نے باقاعدہ اہتمام کے تحت قرآن کا ایک مجلد نسخہ تیار کروایا۔ یہ مجلد قرآن چوکور صورت میں تھا۔ بعد ازاں تیسرے خلیفہ حضرت عثمان بن عفانؓ کے زمانے میں اس مجلد قرآن کے مزید نسخے تیار کر کے مختلف شہروں میں بھیجے گئے۔ یہ نسخے شہر کی جامع مسجد کے لیے وقف رہتے تھے۔ لوگ ان کو پڑھتے اور ان سے مزید نسخے تیار کرتے تھے۔